SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Tuesday January 19, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at six of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ
جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ
مَا يُرِيدُ ۝ مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَنْ يَنْصُرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا
وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ
فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ ۝ وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ
آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يُرِيدُ ۝

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Tuesday January 19, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at six of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ

مَا يُرِيْدُ ۝ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا

وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ

فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۝ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ

اٰيٰتٍ ۢ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝

ترجمہ : جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل بھی کیے تو ضرور اللہ انہیں ایسے باغوں میں پہنچا دے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی (اور اس لیے وہ کبھی خشک ہونے والے نہیں) اللہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے (وہ مالک مختار ہے)

جو آدمی، مایوس ہو کر ایسا خیال کر بیٹھتا ہے کہ اللہ دنیا اور آخرت میں اس کی مدد کرنے والا نہیں (تو اس کے لیے زندگی کی کوئی راہ باقی نہ رہی) اسے چاہیئے، ایک رسی چھت تک لے جا کر باندھ دے اور اس میں گردن لٹکا کر زمین سے رشتہ کاٹ لے۔ پھر دیکھے اس تدبیر نے اس کا غم و غصہ دور کر دیا یا نہیں؟

اور دیکھو، اس طرح ہم نے یہ کلام روشن دلیلوں کی شکل میں اتارا، اور اس لیے اتارا کہ اللہ جسے چاہتا ہے (کامیابی کی) راہ پر لگا دیتا ہے۔

(سورۃ الحج آیات ۱۴ تا ۱۶)

QUESTIONS AND ANSWER.

جناب چیئرمین : جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

باقاعدہ کارروائی شروع کرنے سے پہلے میں ایک عرض کر دوں کہ آج کے آرڈر آف دی ڈے پر دو موشنز ہیں ایک رول ۵۶ کے تحت اور دوسری ایک ایڈجرنمنٹ موشن پہ بحث ہونی ہے۔ میری درخواست ہوگی کہ باقی کارروائی کو اس طریقے پہ نمٹائیں کہ ان موشنز کے لیے جو وقت مقرر ہے وہ بچ سکے۔ پہلے سوالات کو لیتے ہیں۔ جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب سوال نمبر ۷۸۔

APPOINTMENT OF CUSTOM OFFICERS

78. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state the total number of Custom Officers with district-wise breakup appointed during the last financial year ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: The total number of the Customs Officers (Assistant Collectors) appointed in the last financial year (1986-87) was sixteen (16) The district-wise breakup is as under :—

S. No.	Name of District	Number of officers recruited
1.	Bahawalnagar	1
2.	Bannu	2
3.	Faisalabad	1
4.	Karachi	2
5.	Khairpur	2
6.	Lahore	4
7.	Sargodha	2
8.	Sialkot	2
	Total	16

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ دی گئی فہرست میں کوئٹہ کو کیوں نظر انداز کیا گیا ہے ؟

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب والا ! میں عرض کروں گا کہ اس میں کوئٹہ کو ہماری طرف سے نظر انداز نہیں کیا گیا جو اسسٹنٹ کلکٹر کی ریکروٹمنٹ کی جاتی ہے ۔ پبلک سروس کمیشن مقابلے کا امتحان لیتا ہے اور مقابلے کے امتحان کے نتیجے میں جو لوگ منتخب ہوتے ہیں انہیں اسٹیبلشمنٹ ڈویژن پھر مختلف محکموں میں بھیجتا ہے ۔ وہ جو نام محکمے کو بھیجتے ہیں ان کے احکام اس محکمے کی طرف

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo]

سے جاری کیئے جاتے ہیں۔ پبلک سروس کمیشن جن لوگوں کو منتخب کرتا ہے وہ اس وقت بھی کوٹے کا حساب رکھ کر کرتے ہیں اور ایسٹیبلشمنٹ ڈویژن والے بھی حتی الوسع اپنی جگہ اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ مجموعی لحاظ سے جس علاقے کا کوٹہ ہو اس کو ملتا رہے اگر ایک سال میں کسی کو نہیں ملا تو دوسرے سال اسے مل جاتا ہے۔

جناب چیئرمین : شکریہ! جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : پچھلے کتنے سالوں سے یہ کوٹہ نہیں دیا، کیا یہ معلوم ہے؟

میاں محمد یسین خاں وٹو : جناب والا! یہ میرے لیے ممکن نہیں ہے کہ بتا سکوں اس کی تفصیل تو ایسٹیبلشمنٹ ڈویژن ہی بتا سکتا ہے۔ کیونکہ ہمیں جو وہ بھیجتے ہیں اس کے مطابق ہم آرڈر جاری کر دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ! جناب بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی : کیا محترم وزیر گرامی قدر یہ فرمائیں گے کہ میرے دوست میرداد خیل صاحب نے ضلع وار تفصیل دریافت فرمائی تھی ضلع وار تفصیل سے ہٹ کر یہ جو سولہ بھرتیاں ہوئی ہیں اس میں پورے بلوچستان سے نہ کوئی application آئی اور نہ بلوچستان نیوز میں ان بھرتیوں کو مشتہر کیا گیا۔ اگر بلوچستان سے کوئی ایک درخواست بھی ایسی آئی تو کیا اسکو entertain کیا گیا۔ پورے بلوچستان سے ایک بھی درخواست کی نہ نشاندہی ہے اور نہ بھرتی، تو اس سلسلے میں ہم تفصیلات جاننا چاہیں گے؟

میاں محمد یسین خاں وٹو : جناب والا! میرے فاضل دوست نے جو پوچھا شاید میں زیادہ تفصیل سے ان کو نہیں سمجھا سکا جیسے میں نے پہلے عرض کیا جناب والا! یہ یوں نہیں ہوتا کہ اسسٹنٹ کلکٹر کے لیے محکمہ کسٹم

درخواستیں مانگتا ہے یہ درخواستیں پبلک سروس کمیشن مانگتا ہے اور مقابلے کا امتحان ہوتا ہے اور اس مقابلے کے امتحان میں جو لوگ منتخب ہوتے ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن ان لوگوں کو مختلف محکموں میں بھیجتا ہے یہ ۱۶ آدمی جنہیں اسسٹنٹ کلکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ یہ سولہ آدمی اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے اس مقابلے کے امتحان کے نتیجے میں بھیجے ہیں۔ اور مقابلے کے امتحان میں تمام صوبوں کا اپنا اپنا کوٹہ ہوتا ہے اس کے مطابق سلیکشن ہوتی ہے پھر اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے پاس پبلک سروس کمیشن نتائج بھیجتا ہے۔ کسٹم کے محکمے کے پاس نہ درخواستیں آتی ہیں اور نہ ہم درخواستیں مانگتے ہیں اور نہ میں اس پوزیشن میں ہوں کہ بتاؤں کہ کتنی درخواستیں صوبہ بلوچستان سے آئیں۔ اب یہ سولہ آدمیوں کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے ہمیں بھیجا اور ہم نے تعیناتی ان کی کر دی۔ اب یہ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اور پبلک سروس کمیشن کا کام ہوتا ہے اور وہ کوٹہ کا خیال رکھتے ہیں۔

انجینئر سید محمد فضل آغا : ضمنی سوال ، سر! اس میں میرداد خیل صاحب نے صرف کسٹم آفیسرز کا پوچھا تھا اور انہوں نے اپنے جواب میں بریکٹ کر کے اسسٹنٹ کلکٹر کر دیا۔ اس کی وضاحت تو یہ چاہیئے تھی کہ انسپکٹر بھی اس میں included ہیں یا نہیں ؟ یا اپنی طرف سے کلکٹر کر دیا ہے ؟

میاں محمد یسین خان وٹو : انسپکٹر included نہیں ہیں ، جناب والا ! چونکہ کلکٹر کا بھی آفیسرز سے تعلق تھا اسلئے اسے included کر دیا۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! اگلا سوال نمبر ۷۹۔

NATIONALIZED BANKS & FINANCIAL INSTITUTIONS

PAY COMMISSION REPORT

79. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the Government had decided to publish the Nationalised Banks and Financial Institutions Pay Commission Report after the announcement of 1987-88 budget; and if so,

(b) the reasons for the delay in the publication of the said report and the expected time by which the report will be published?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: (a) No.

(b) As the National Pay Committee Report 1986-87 contained some information relating to certain sensitive organizations, its publication is not advisable. However, implementation of the major recommendations of the Pay Committee Report had been announced in the Finance Minister's Budget Speech, 1987-88.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ وہ کونسی ترین مصلحت ہے کہ اس پارلیمنٹ کو جو جمہوریت کا مغز ہے اگر نہیں بتاتے تو کس قوم کو بتانا پسند فرمائیں گے ؟

جناب چیئرمین : جس کو خفیہ رکھنا چاہتے ہیں وہی سوال کے جواب میں بتادیں - ؟ جناب وٹو صاحب -

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب والا ! میں نے عرض کیا کہ کچھ sensitive انفارمیشنز ہوتی ہیں main recommendations تھیں جو حکومت نے ان میں سے قبول کرلیں ، ان کو واضح طور پر شائع کر دیا گیا ، اور بجٹ تقریر میں نیشنل اسمبلی کے سامنے پیش کر دیا گیا تھا - باقی حصہ شائع کرنا ملک کے مفاد میں نہیں ہے -

جناب چیئرمین : یہ ملک کے مفاد میں نہیں ہے ، ٹھیک ہے -

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : ملک کے مفاد میں کیا بات ہے، ہم ملکی نہیں ہیں ہم کہاں کے ہیں، ہم کونسی مخلوقات ہیں یہ آپ بتائیں ؟ جناب والا ! یہ بالکل آپ پارلیمنٹ پر عدم اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں اور آپ اس کو اعتماد میں نہیں لینا چاہتے ۔ یہ حکومت جان بوجھ کر ایسے کام کرتی ہے اور اپنے آپ کو چور دروازوں سے نوازنے کی کوشش کرتی ہے اور یہ 'قرین مصلحت'، نہایت ہی نامناسب ہے ۔

Mr. Chairman : It does not require any reply.

بس سوال ہو گیا جناب طارق چودھری صاحب ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ! یہ میرا استحقاق بنتا ہے میں نے ایک سوال کیا ہے اور سوال کا صحیح جواب نہ دینا، یہ ممبروں کے استحقاق کی خلاف ورزی کے مترادف ہے اور حکومت عدم اعتماد کا رویہ اختیار کر چکی ہے ۔ لہٰذا میرا یہ پر زور اصرار ہے کہ یا تو اس کی صحیح طور پر فہرست شائع کریں یا صحیح جواب دیں ورنہ . . . .

جناب چیئرمین : جناب یسین خان وٹو صاحب ۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب ۱۹۴۷ء سے لے کر حکومت نے تین پے کمیشنز اور دو پے کمیٹیز مقرر کی ہیں اور آج تک کبھی ان پے کمیشنز یا پے کمیٹیز کی رپورٹس شائع نہیں کی گئیں، اور ۱۹۴۷ء سے آج تک اسی پر عمل ہو رہا ہے ۔ اسمبلیاں اور پارلیمنٹ بھی رہی ہیں اور اس دوران مناسب یہ سمجھا گیا ہے کہ جن چیزوں کو حکومت تسلیم کر لیتی ہے ان کو شائع کر دیا جاتا ہے اور باقی باتوں کو

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo]

شائع نہیں کیا جاتا، یہ ایک ایسی چیز ہے جس کی ضرورت شروع سے محسوس کی گئی اور اس کے مطابق شروع سے عمل ہو رہا ہے۔ ہم نے کوئی نئی بات نہیں کی اور نہ ہم کوئی چیز معزز ایوان سے چھپانا چاہتے ہیں بلکہ وہ ایسی چیزیں ہیں کہ اس میں حساس معاملے ہیں جن کا بیان کرنا ملکی مفاد میں نہیں ہے۔ اس میں جو فیکسٹ فگرز دیئے ہوئے ہیں ان فیکسٹ فگرز سے مخالفین کئی انداز سے لگا سکتے ہیں جو ملکی مفاد میں نہیں ہیں اگر وہ عوامی مفاد کے خلاف نہ ہو تو اسے فاضل ممبران کے ساتھ شیئر کرنے میں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اس میں یہ صورت ہے کہ وہ ملکی مفاد میں نہیں ہے۔ اس سے ملک کے مخالفین ناجائز فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ! جناب میرداد خیل صاحب! جی قاضی صاحب۔

پوائنٹ آف آرڈر۔

قاضی عبداللطیف : گزارش یہ ہے کہ اگر کوئی روایات غلط چلی آ رہی ہوں تو موجودہ حکومت کا فرض ہے کہ جس طریقے سے کہ بڑی مدت سے بنیادی حقوق معطل چلے آ رہے تھے اور موجودہ حکومت نے یہ روایت قائم کی ہے کہ سارے کے سارے بنیادی حقوق قائم کر دیئے ہیں۔ اگر کوئی روایت غلط چلی آ رہی ہو تو اس کی اصلاح ہونی چاہیئے۔

جناب چیئرمین : آپ کا فرمانا صحیح ہے کہ اگر روایت غلط چلی آ رہی ہو تو اس کو صحیح کرنا ہے لیکن میرے خیال میں یہ بھی مناسب ہوگا کہ میں آپ کی خدمت میں عرض کر دوں کہ روایات کو اس طریقے پر بھی آپ نہ موڑیں کہ وہ غلط بن جائیں دنیا کا کوئی ملک ایسا نہیں، کوئی حکومت ایسی نہیں کوئی پارلیمنٹ ایسی نہیں ہے جس میں بعض امور سوائے خاص طریقے کے، خفیہ اور صیغہ راز میں رکھے جاتے ہیں۔ یہ ہر جگہ قانون ہے ایک قاعدہ ہے۔ اس میں کوئی روایات کی خرابی نہیں ہے۔ جو وزیر صاحب

[Mr. Chairman]

نے فرمایا اس سے آپ کو اتفاق ہو سکتا ہے یا نہیں ہو سکتا لیکن یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بن سکتا ہے۔ اور میرے خیال میں جناب طارق چودھری صاحب کی بھی سُن لی جائے۔

جناب محمد طارق چودھری : ہماری گزارش صرف یہ ہے کہ تفصیلات فراہم نہ کریں لیکن صرف ان مقدس گایوں کے نام ہی لے دیں تاکہ ہم آئندہ ان کو چھیڑیں ہی نہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو : یہ مقدس گائیں نہیں ہیں۔ یہ پے کمیٹی کی رپورٹ ہے۔ پے کمیٹی کی رپورٹ میں بہت ساری آبزرویشنز مختلف چیزوں کے بارے میں دی گئی ہیں جن میں بہت sensitive areas بھی ہیں اگر وہ فیکٹس فگرز ہم شائع کریں تو اس سے مخالفین فائدہ اٹھا سکتے اور کسی کو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔ سوائے اس کے کہ اس انفارمیشن سے پاکستان کے مخالفین فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور کوئی خاص اس سے فرق نہیں پڑتا۔

جناب چیئرمین : مقدس گائیں صرف ہندوؤں کے ہاں ہوتی ہیں۔ مسلمانوں اور اسلامی معاشرے میں مقدس گائیں نہیں ہوتیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو : جناب والا! اگر آپ اجازت دیں تو میں قاضی صاحب کے ارشاد کا جواب دے دوں۔

Mr. Chairman : It has been ruled out.

میاں محمد یٰسین خان وٹو : جس طرح ہم نے ایک اچھی روایت قائم کی ہے کہ بنیادی حقوق جو معطل تھے ہم نے اس تعطل کو ختم کیا۔ تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہم ہر نادرست روایت تبدیل کر دیتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی روایت ملکی مفاد میں ہے تو اس پر عمل کرنا بھی، انہیں یہ سوچنا چاہیئے، حکومت کا نیک عمل ہوگا۔

Mr. Javed Jabbar : Point of Order, Sir. There appears to be a discrepancy Mr. Chairman, between the question and the answer. The question refers to the Pay Commission and the answer refers to the Pay Committee. **Is there a difference or is this deliberate?**

Mr. Chairman : Well, some times it is called a committee, some times it is called a commission.

Mr. Javed Jabbar : In this case he referred to the formation of both commissions and committees.

Mr. Chairman : I think it is one and the same thing.

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب یہ جو پچھلی اپوائنٹ ہوئی وہ پے کمیٹی تھی انہوں نے پے کمیشن لکھا لیکن ساتھ ہی اس کے بارے میں فرمایا

> "Whether it is a fact that the Government has decided to publish the nationalized banks and financial institutions Pay Commission's Report after the announcement of 1987-88 budget".

تو ۸۸-۸۷ء کے بجٹ کے بعد کی۔ سچویشن یہ ہے کہ گزشتہ ماضی قریب میں جو بھی قائم کی گئی ہے وہ صرف پے کمیٹی ہے پے کمیشن نہیں اس لئے میں نے پے کمیٹی کا ذکر کیا کیونکہ پے کمیٹی اپوائنٹ کی گئی ہے۔ اس لیے میرے خیال میں انہیں بھی پے کمیٹی لکھنا چاہیئے تھا۔

جناب چیئرمین : فرنٹیئر میں ہمارے ہاں ایک جوڈیشل کمشنر صاحب ہوا کرتے تھے جو انگریز تھے۔ سڑک پر جا رہے تھے راستے میں ایک سکھ ایڈووکیٹ ملے جو بہت معزز آدمی تھے انہوں نے کہا "ہیلو نتھا سنگھ ہاؤ آر یو"۔ تو اس نے کہا "صاحب میں نتھا سنگھ نہیں ہوں میں پریم سنگھ ہوں"۔ تو اس نے کہا Natha Singh and Prem Singh one and the same thing تو یہ کمیٹی اور کمیشن بھی one and the same thing ہے۔ سوال تین سے زیادہ ہو گئے ہیں مزید

کی میں اجازت نہیں دے سکتا ۔

جناب عبدالرحیم میر دادخیل : پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ! اس نے گزشتہ بجٹ میں یہ اعلان کیا تھا ہم تمام ملازمین کو جو بینکوں میں ہیں باقاعدہ سہولتیں دیں گے ۔ اس سے ابھی تک اس نے انکار کیا ہے ۔ دوسرا یہ ہے کہ یہ 'قرین مصلحت'، جو شائع نہیں کیا ہے اس پر میں اصرار کروں گا چونکہ یہ صحیح جواب نہیں دے رہے اسلئے میں اس ایوان سے واک آؤٹ کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : یہ تو آپ کی مرضی ہے ۔

(جناب عبدالرحیم میر دادخیل ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب والا ! میں جواب دے چکا ہوں ۔

Mr. Chairman : Next question. Mr. Abdur Rahim Mir Dadkhel.

STREET LIGHTS FOR G.10/3 ISLAMABAD

80. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel** : Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state whether it is a fact that no street lights have been provided for Category III and VI houses located in Sector G-10/3, Islamabad ; if so the reasons thereof and the expected date by which these street lights will be provided ?

Mr. Zain Noorani : Yes. The CDA's share towards the cost of the street lights was paid in March, 1987. Due to the non-availability of poles the WAPDA has not been able to provide the facility as yet. The street lights are likely to be provided within the current financial year.

جناب چیئرمین : ضمنی سوال ۔ سوال والا ہی چلا گیا تو ضمنی سوال کون اٹھائے گا ۔ اگلا سوال جناب مولانا کوثر نیازی صاحب ۔

OPEN SPACE IN G-10/3 ISLAMABAD

81. ***Maulana Kausar Niazi:** Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) the purpose for which the open space lying in front of Houses No. 1 to 12 of Category II in Sector G-10/3, Islamabad, has been earmarked and the arrangements made for its cleanliness; and

(b) whether it is a fact that this uneven space is filled with rubbish and waste material and if so, the time by which it is likely to be cleaned and levelled?

Mr. Zain Noorani: (a) The space in question is meant for a primary school for physically handicapped children. It is cleaned regularly and garbage is also collected.

(b) This partially uneven space would be levelled/landscaped as and when construction of the school is completed by the Ministry of Health.

مولانا کوثر نیازی : کیا وزیر صاحب اس بات پر غور فرمائیں گے کہ اس خالی جگہ پر پارک بنا دیا جائے کیونکہ اس آبادی کے لیے وہاں کوئی پارک نہیں ہے اور سکول کسی اور جگہ بنا لیا جائے ۔

Mr. Zain Noorani: Sir, since the honourable Senator has given this suggestion, we will have it examined.

مولانا کوثر نیازی : وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ جگہ ناہموار ہے اور وہاں جب سکول تعمیر ہو جائے گا تو اسے خوبصورت بنا دیا جائے گا میں نے عرض کیا جب تک یہ ناہموار ہے یہ گندگی اور کیچڑ سے پڑ رہتا ہے کیا وہ یہ فرمائیں گے کہ جب تک یہ جگہ ہموار نہیں ہوتی اس کی صفائی سے کوئی انتظامات سی ڈی اے کرنے کو تیار ہے ۔

Mr. Zain Noorani : Sir, while garbage thrown on the land is collected every day by the CDA staff, at the same time arrangements have been made for clearing the rank vegetation by the staff of the Environment Directorate. However, levelling, land scaping and proper cleanliness of the area would be possible only when the construction of the school is completed.

جناب چیئرمین : شکریہ ! اگلا سوال مولانا کوثر نیازی صاحب ۔

STREETS AND ROADS IN G-10/3 ISLAMABAD

82. ***Maulana Kausar Niazi** : Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state whether it is a fact that pucca roads and streets have not so far been constructed for category II houses in Sector G-10/3 and if so the expected date by which the roads and streets in question will be metalled ?

Mr. Zain Noorani : Yes. There are no streets in the vicinity of Category-II Houses. However, the roads are likely to be completed by 30th June, 1988

جناب چیئرمین : There are no streets! ضمنی سوال ؟

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! جی ۱۰/۳ کی بات چھڑی ہے تو میں وزیر صاحب کی توجہ اس جانب بھی دلا دوں گا کہ وہاں کوئی ڈسپنسری قائم نہیں کی گئی کیا حکومت وہاں کوئی ڈسپنسری قائم کرنے پر بھی غور کر سکتی ہے ۔

Mr. Zain Noorani : Although this does not arise out of the question but I will certainly consider the suggestion made by the honourable member.

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! یہ سوال بھی اگرچہ واضح طور پر جواب سے پیدا نہیں ہوتا مگر جب وہ مہربان ہیں ہی تو میں یہ گزارش کروں گا کہ وہاں کے کوارٹروں میں ابھی تک بجلی سوئی گیس اور پانی بھی فراہم نہیں کیا گیا ۔ کیا یہ سہولتیں بھی فراہم

[Maulana Kausar Niazi]

کرنے کا کوئی انتظام زیر غور ہے ؟

جناب چیئرمین : وہ جو کہتے ہیں کہ اتنا بھی نہ چاہو کہ دم نکل جائے۔ تو میرے خیال میں سب رعایتیں ایک دفعہ تو نہ لیں ۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! یہ تو بنیادی ضروریات زندگی ہیں ۔

Mr. Zain Noorani : Sir, subject to financial constraint, we will certainly consider it.

Mr. Chairman : Thank you. Next question. Qazi Abdul Latif.

CORRUPTION CASE IN BANKS

83. ***Qazi Abdul Latif :** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) the total number of cases of embezzlement and corruption unearthed in Banks during the period from 1st March, 1985 to 30th March, 1987 indicating also the names of such Banks, the names and designations of the persons involved, the amount involved in each case separately with province-wise breakup ; and

(b) the details of punishment if any, awarded to the accused involved in these cases ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : (a) and (b) 199 cases involving an amount of Rs. 10.97 million were detected in the branches of nationalised commercial banks. Bankwise and Province-wise information including the names and designations of persons involved and the punishments awarded to them is given in the statement attached.

(Statement has been placed in the Senate Library).

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! وہ گوشوارہ مجھے تو نہیں ملا ۔

جناب چیئرمین : وہ گوشوارہ سینیٹ کی لائبریری میں ہے ۔ اور اس کی البتہ آپ یہ شکایت ضرور کر سکتے ہیں کہ اردو ترجمہ نہیں ہے لیکن یہ گوشوارہ تو دے دیجئے ۔ اس میں کوئی خاص بات نہیں ہے ۔ نام دیئے ہوئے ہیں ۔

قاضی عبداللطیف : حضرت میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ میں دیکھ رہا ہوں کہ سارے نام آئے ہوئے ہیں دوسرے سوالات میں ۔ تو اس میں کونسی تکلیف تھی اگر یہ نام بھی مجھے بتلا دیئے جاتے ۔

جناب چیئرمین : آپ ایک نظر اس کو دیکھ لیں ۔

جناب محمد یسین خان وٹو : میں نے تو دیئے ہیں ۔

قاضی عبداللطیف : اور یہ بھی مجھے انگریزی میں دیئے گئے ہیں ۔ تو پھر مجھے وہی شکایت ہوگی اور آپ فرمائیں گے کہ آپ یہی شکایت کرتے ہیں ۔

جناب چیئرمین : میں یہی عرض کرتا ہوں کہ آپ اس کو فرصت کے وقت دیکھ لیں اور اردو میں اگر ترجمہ چاہتے ہیں تو وہ بھی ہم کوشش کریں گے کہ آپکو مل جائے ۔

قاضی عبداللطیف : میں ضرور گزارش کروں گا ۔

جناب چیئرمین : لیکن یہ ہیں کوئی ۴۶ ، ۴۷ صفحے تو سوال کے جواب میں اسکا ترجمہ دینا بہت مشکل تھا ۔ آپ اس کو دیکھ لیں مطالعہ کریں پھر اس کی بنیاد پر اور سوال آئندہ اجلاس میں اٹھائیں ۔ اگلا سوال جناب سید مظہر علی صاحب نمبر ۸۴ ۔

CROSS-CHECKING FOR TAXABLE INCOME

84. ***Syed Mazhar Ali :** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to refer to Question No. 104 asked at a sitting of the Senate held on 30th July, 1987 and state the basis on which the income tax department considers its cross-checking of individual assessees consumption/expenditure to determine the correct taxable income as fairly effective ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Cross-checking of individual assessee's consumption/expenditure to determine the correct taxable income is effective because a tax payer meets his personal and house-hold expenditure from the income earned by him.

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo)]

Therefore, checking of expenditure on items like electricity, gas, telephone bills, children's education expenses, expenses on maintenance of motor vehicles owned by him, and normal expenses on food and clothing (depending on the life-style of the individual tax payers) etc., are quite reliable indicators of the quantum of income earned by him.

سید مظہر علی : ضمنی سوال جناب! میں وزیر موصوف سے درخواست کروں گا کہ یہ بتائیں کہ جو تفصیلات آپ نے بتائی ہیں مثلاً بجلی وغیرہ کے expenses اور جو cars ان کے پاس ہیں ان کی maintenance ہیں مگر جو پلاٹس خرید ے جاتے ہیں دس، دس، بیس، بیس لاکھ کے اور جو مکان بنتے ہیں۔ ٹیلی ویژن سوا لاکھ ملک میں خریدے جاتے ہیں تو کیا یہ بھی آپ چیک کرتے ہیں کہ یہ جو مکانات بن رہے ہیں یہ کس کے ہیں اور کہاں سے آتے ہیں تاکہ اس سے بھی آپ کو آمدنی کا اندازہ ہو سکے۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب یہ چیک کیا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین : اگلا سوال۔ سید مظہر علی۔

FOREIGN EXCHANGE REPATRIATED TO PAKISTAN

85. ***Syed Mazhar Ali :** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state the total amount of foreign exchange repatriated to Pakistan, during the last five years, by private and government owned Pakistani construction companies, operating in the Middle East giving year-wise breakup of the repatriated amount of each construction company ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : The balance of payments Statistics, maintained by the State Bank of Pakistan, do not have a separate code for recording the amounts repatriated by Pakistani construction companies working abroad. Amounts repatriated by the construction companies are classified according to the declarations made by them to the receiving banks in Pakistan. Figures appearing under these respective codes do not relate exclusively to construction companies, but to all Pakistani companies, firms, banks, individuals working abroad. As such figures relating to construction companies are not separately available.

سید مظہر علی : سپلیمنٹری ۔ جناب عالی ! یہ سوال میں نے اس لیے پوچھا تھا کہ بہت سی Construction Companies کو گورنمنٹ اور پرائیویٹ کو خاص facilities گورنمنٹ نے دی تھیں ۔ بانڈز دیئے تھے اور facilities دی تھیں ۔ اس میں کروڑوں روپے ہمارے خرچ ہوئے تھے تو یہ ضروری ہے کہ ہمیں پتہ لگے کہ کس کمپنی نے ہمیں کیا بھیجا ہے تاکہ آگے جا کر ہم نے کوئی کام کرنا ہے تو اس کا خیال رکھا جا سکے ۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب والا ! میں ان کے جذبے کی قدر کرتا ہوں لیکن یہ علیحدہ فگرز available نہیں ہیں جس سے میں ان کا جواب دے سکوں ۔

جناب چیئرمین : وہ فرماتے ہیں کہ ان کو اگر علیحدہ رکھا جائے تو اس سے فائدہ ہو گا ۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب والا ! میں اس چیز پر غور کروں گا ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! اگلا سوال ، سید مظہر علی صاحب ۔

FUNDS OF HOUSE BUILDING FINANCE CORPORATION

86. ***Syed Mazhar Ali :** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) the total amount of House Building funds allocated to and disbursed by the House Building Finance Corporation in the last five years separately for each year ;

(b) the total number of persons who were given house building loans by the House Building Finance Corporation in the last five years (separately for each year) ;

(c) the dates when the HBFC started the actual disbursement of loans and the dates when it stopped the receipt of loan applications due to paucity of funds during each of the last three years ;

[Syed Mazhar Ali]

(d) the measures being adopted to increase the availability of funds with the HBFC ; and

(e) the comparative ratio of the amount disbursed by the Corporation in 1982 and 1986 ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo :

(Rs. in Million)

(a) Year	Net Funds allocated by State Bank of Pakistan	Amount disbursed
1982-83	1100	1150.300
1983-84	1050	1385.000
1984-85	1100	1300.710
1985-86	1100	1314.000
1986-87	1413	2020.930

(b) Year	No. of persons who were sanctioned HBFC investment
1982-83	17759
1983-84	23357
1984-85	19288
1985-86	20969
1986-87	15148

(c) Year	Date on which disbursement started	Date of stoppage of receipt of applications
1984-85	15-7-1984	1-4-1985
1985-86	16-7-1985	20-2-1986
1986-87	2-8-1986	Continued till the end of financial year but sanctions stopped altogether on 19-3-1987.

(d) HBFC is considering the following schemes to increase the availability of funds :—

(1) Home Linked Savings Schemes on the basis of Committee System on no profit no loss basis.

(2) Institutional borrowings by sale of bonds on mark-up at market rates for commercial lending on housing projects.

(3) Floatation of Modarba for housing finance.

(e) Comparative ratio of amount disbursed during 1982-83 and 1986-87 is 1-:-76.

سید منظر علی : جناب والا ! وزیر موصوف نے اپنے جواب کے حصّہ "سی" میں فرمایا ہے ۔

Date and disbursements started in 1984-85 on 15-7-1984 and in 1985-86 on 16-7-1985.

میرا کچھ تھوڑا سا اس سلسلے میں ذاتی تجربہ ہے میرے خیال میں بجٹ آنے کے دو تین مہینے سے پہلے disbursement نہیں سٹارٹ ہوتی تو ایک تو مہربانی کر کے یہ چیک کر لیں ، دوسری عرض یہ تھی کہ ۸۴ - ۱۹۸۳ میں ۲۲۳۵۷ لوگوں کو قرضہ دیا گیا اور ۸۷ - ۱۹۸۶ میں ۱۵۱۴۸ تو اس کی کیا وجہ ہے کہ بجائے اس کے کہ زیادہ لوگوں کو قرضہ ملے ، یہ figure کم ہوتی چلی جا رہی ہے ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو : جناب والا ! ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن نے پچھلے سال یہ کیا کہ جن لوگوں کو قرضے پہلے منظور ہو چکے تھے اور ان کے آؤٹ سٹینڈنگ تھے ، پہلے ان کو ادائیگی کی گئی اور نئے قرضے بعد میں دیئے گئے تاکہ پہلے لوگوں کو شکایت نہ رہے اس وجہ سے جن لوگوں کو نئے قرضے دیئے گئے ان کی تعداد کم ہے ۔

جناب چیئرمین : اور جتنے فنڈز تھے وہ بھی جولائی میں ہی ختم ہو گئے۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جی وہ جولائی میں ہی ختم ہو گئے۔

جناب چیئرمین : ایک دوسرا سوال تھا، شاید وہ آپ نے سنا نہیں۔

In 1983-84 the total loans sanctioned were 23357, in 1986-87 this is in answer to part (b), loans sanctioned were 15148, he is asking for the reason in the declined of the number of loans sanctioned.

میاں محمد یسین خان وٹو : جی یہی میں عرض کر رہا ہوں کہ پچھلے سال میں ر پچھلا جو back-log تھا پہلے جن کو قرضے منظور ہو چکے تھے ان سب کو قرضوں کی رقم کی ادائیگی کرنے کے لیے ترجیح دی گئی اور amount تو وہی تھی، اس میں ان لوگوں کو جن کو پہلے قرضے منظور ہو چکے تھے، پہلے ادا کر دیئے گئے اور جو بعد میں رقم بچی وہ دوسرے لوگوں کو یعنی نئے loanees کو دی گئی جس کی وجہ سے ان کی تعداد کم ہو گئی۔

سید منظر علی : جناب یہ loan sanctioned ہے، اگر آپ غور کریں تو ۲۳۳۵۷ ۱۹۸۳ - ۸۴ میں loan sanctioned ہوا اور ۸۷ - ۱۹۸۶ میں loan sanctioned ہوا ۱۵۱۴۸ کو۔

میاں محمد یسین خان وٹو : نہیں جناب اگر آپ یہ ملاحظہ فرمائیں۔

"No. of persons who were sanctioned House Building Finance Corporation Investment."

یہ number of persons ہیں، یہ amount نہیں ہے۔

سید منظر علی : جی اچھا

(مداخلت)

جناب چیئرمین : سید منظر علی صاحب۔

سید منظر علی : جو ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی رقوم کی کمی ہوئی ہے اب ظاہری طور پر اس کو بڑھانے کے لیے آپ دو تین چیزیں بتائی ہیں مگر سب سے ضروری چیز جو ہے وہ **savings and loans banks** کا ہے اس سلسلے میں آپ نے کچھ نہیں فرمایا اس میں گورنمنٹ کے کیا منصوبے ہیں۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو : جناب معزز رکن سوال دہرا دیں۔

سید منظر علی : میں نے یہ عرض کیا تھا کہ آپ نے جو ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کے فنڈز بڑھانے کی چیزیں بتائی ہیں وہ تین ہیں اس میں **savings and loans banks** کے قیام کا ذکر نہیں ہے تو اس کی کیا وجہ ہے کیا اس کا پلان نہیں ہے۔

Mr. Chairman : He is referring to part (d) of the question in which you mentioned three metho-ds of increasing the resources of House Building Finance Corporation. He is suggesting that there is no mention of savings and loans associations for house building purposes.

میاں محمد یٰسین خان وٹو : ہم ان کو بھی consider کریں گے۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! اگلا سوال، سید ذوالفقار علی چشتی صاحب۔

POSTS OF GENERAL MANAGERS (ENGG.) IN HBFC.

87. ***Syed Zulfiqar Ali Chishti (Put by Syed Mazhar Ali) :** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) whether it is a fact that House Building Finance Corporation have recruited two General Managers Engineering and one Chief Manager Engineering for the construction of its own building in Islamabad ; and

(b) whether it is also a fact that after the sale of the said building the services of Chief Manager were terminated whereas the remaining two General Managers Engineering still continue in service and if so, the reasons for this discrimination ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : (a) It is not a fact that House Building Finance Corporation has recruited two General Managers (Engg.) and one Chief Manager (Engg.) exclusively for construction of its own building in Islamabad. The Corporation appointed them for its Project and Engineering Branch for the purpose of undertaking new housing project including acquisition of land, planning and development of sites and construction of houses for disposal by sale and supervision and monitoring of the projects in hand.

(b) The services of Chief Manager were terminated in March, 1987 not because of the sale of HBFC Building at Islamabad but because the post was abolished as no longer required. It has also been decided to abolish the other two posts of General Managers (Engineering) and the services of the incumbents are being dispensed with according to the rules.

Mr. Shad Muhammad Khan : How long the Government will take to dispense with the services of the Two Engineers.

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب ! یہ اس میں دیا گیا ہے " جلدی کر رہے ہیں "

جناب شاد محمد خان : " جلدی کر رہے ہیں "

are being dispensed with according to the rules.

جناب چیئرمین : اگلا سوال ۸۸ : سید ذوالفقار علی چشتی صاحب ۔

HBFC LOANS

88. ***Syed Zulfiqar Ali Chishti (Put by Mr. Shad Muhammad Khan) :** Will the Minister for Financial and Economic Affairs be pleased to state :

(a) how many times a person is entitled to get loan from the HBFC;

(b) the number of loans sanctioned by HBFC in favour of Mr. Muhammad Ali Kashif S/o Mr. Nizam Haider of Karachi ;

(c) the details of cases Nos. NK-6122, CA-6145, CA-6448, CA-7347 and NK-9382 ; and

(d) the details of disciplinary action, if any taken against officers who have violated the provisions of existing rules and regulations of the Corporation in these cases ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : (a) A person is entitled to get loan from HBFC *once* in life under income sharing scheme introduced *w.e.f.* 1-7-1979.

(b) There are three cases wherein HBFC approved investment in the Name of Mr. Muhammad Ali Kashif S/o. Mr. Nizam Haider.

(c) The details of cases are as under :—

S. No.	Case No.	Date of Registration	Property Address	Amount approved/ disbursed
1.	NK-6122 ..	20-8-81	R-22 Sector 5/C-I, North Karachi.	Rs. 69,000
2.	CA-6145 ..	13-1-82	L-575 Sector 8/C, Korangi Karachi.	Rs. 49,000
3.	CA-6448 ..	1-2-82	L-950 Sector 8-A, Korangi Karachi.	Rs. 49,000 (Drawan Rs. 20,000)

[Syed Zulfiqar Ali Chishti]

4. CA-7347	..	10-8-82	L-595, Sector M/8/ C, Korangi Karachi.	Case was not sanctioned nor payment was made.
5. NK-9382..	..	2-11-82	R-22, Sector 5/C-1, North Karachi.	No payment made.

Cases No. NK 6122, CA 6145, CA 6448 and CA 7347 were registered in the name of Mr. Muhammad Ali Kashif while case No. NK-9382 was registered in the name of Mr. Abdul Rehman Abro. Three of the cases at serial number 2, 3 & 4 were registered with Central Area Office and the remaining two at serial Nos. 1 & 5 with North Karachi Office of HBFC on different dates.

(d) An inquiry is being conducted to fix responsibility on the official concerned.

Mr. Shad Muhammad Khan : Here it is said Sir, that three cases have been sanctioned in favour of Mr. Muhammad Ali Kashif. Is the Government prepared to cancel two other cases which are irregular?

Mian Mohammad Yasin Khan Wattoo : I have Sir, explained the whole position. Actually he had applied for four cases, he was given loan in three cases and one case was not in his name. Action is being taken against him and as already I have mentioned in the answer, an inquiry is being conducted to fix responsibility of the official concerned.

Mr. Shad Muhammad Khan : Now what about the cancellation of irregular cases Sir,?

Mian Mohammad Yasin Khan Wattoo : Pardon Sir.

Mr. Shad Muhammad Khan : It concerns only inquiry against officials who have given such loans. Is the Government prepared to cancel those irregular loans?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : That action is also being taken.

جناب محمد طارق چودھری : یہ بے قاعدگی کس سال میں ہوئی تھی ۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب یہ اس میں دیا گیا ہے، سوال کے "سی" پورشن میں اگر آپ دیکھیں ڈیٹ آف رجسٹریشن اس کی تھی ۸۱ ۔ ۸ ۔ ۲۰ ایک کی رقم ۴۹ ہزار ہے دوسرا جو کیس ہے ۶۱۴۵ اس کی ڈیٹ آف رجسٹریشن ہے ۸۲ ۔ ۱ ۔ ۱۳ اور اس کی رقم ہے ۴۹۰۰۰ روپے، اور تیسرا کیس جو ہے ۶۴۴۸ وہ ہے یکم فروری ۱۹۸۲ کا، یہ رقم ہے ۴۹ ہزار پھر اگلی درخواست جو اس نے دی وہ تھی ۱۹۸۸ ۔ ۸ ۔ ۱۰

The case was not sanctioned nor payment was made. Then application bearing No. NK-9382 was made on 2-11-82, no payment was made.

جناب محمد طارق چودھری : جناب! ۶ برس گزر جانے کے باوجود ابھی تک یہ ذمہ داری کا تعین ہی نہیں کر سکے اس تاخیر کی وجہ بڑی سفارش یا چھوٹی رشوت ۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب والا! میں نے اس سلسلے میں سختی سے حکم دے دیا ہے اور جو لوگ اس سلسلے میں ذمہ دار ہوں گے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی ۔

جناب چیئرمین : یہ (letter remarks) جو تھے یہ بالکل ہی fortitious تھے ان کی ضرورت نہیں تھی، اگلا سوال ۸۹ سید ذوالفقار علی چشتی صاحب ۔

ALLOTMENT OF PLOTS TO CDA EMPLOYEES

89. ***Syed Zulfiqar Ali Chishti** (Put by Mr. Muhammad Tariq Chaudhry) : Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state :

[Syed Zulfiqar Ali Chishti]

(a) whether it is a fact that each employee of CDA is allotted a plot in Islamabad, if so, the reasons therefor ; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to allot similar plots to other Government employees also if so, when and if not the reasons thereof ?

Mr. Zain Noorani (a) No.

(b) Government has approved a scheme for the allotment of 10,000 small plots, ranging in size from 90 sq. yds. to 140 sq. yds. to low paid government employees in a phased manner. In the first phase, 1000 plots have been earmarked in Sector G-11 for allotment through computerised ballot among such government employees.

جناب چیئرمین : اگلا سوال خواجہ کمال الدین انور صاحب -

GENERAL MANAGER HBFC

90. *Khawaja Kamal-ud-Din Anwar (Put by Mr. Muhammad Tariq Chaudry): Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) the educational qualifications of the present General Manager, House Building Finance Corporation, Islamabad ;

(b) whether it is a fact that the said post of General Manager was advertised and if so the educational qualifications and other experience prescribed for the said post in the advertisements ; and

(c) the reasons and the basis on which administrative responsibility of the said financial Organization has been assigned to the present General Manager ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : (a) General Manager Islamabad is a graduate of Command & Staff College, Quetta. He is also a B. Sc. and LLB. He has passed the following courses :—

(i) 'Officers Administration Course' Army School of Administration. Murree.

(ii) 'Cost Analysis and Budgetory Control' Pakistan Institute of Management, Karachi

(iii) 'Capital Budgeting' Course at Pakistan Institute of Management, Karachi.

(b) It is a fact that post of General Manager was advertised, and the educational qualifications and experience required were as under :—

Qualification

MBA with major in Finance/Accounts/Banking or equivalent MPA ; MA (Eco) ; M. Com ; BBA ; B. Com ; CA (Inter).

Experience

3 to 5 years experience in senior executive cadre of leading private/public sector Organization/Financial Institution/Commercial Banks in the related field.

(c) He has put in 25 years of services in Personnel & General Admn ; Budgeting and Financial Management with Pak Army. Since the post of General Manager of the Zone requires experience in administration and accounts as well as budgetary control, Lt. Col. (Retd.) Abdul Kaleem was accordingly selected by the Selection Board on merit against Punjab quota.

جناب محمد طارق چودھری : کیا یہ تعلیمی قابلیت مشتہرطلبی کے مطابق ہے۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب! اس میں فرق ہے لیکن سلیکشن بورڈ نے اس کو اس کے برابر مان لیا ہے اور اس کو recommend کیا ہے، اسی طرح "اے" میں واضح کیا گیا ہے کہ وہ شخص بی ایس سی، ایل ایل بی ہے اور گریجویٹ آف کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ ہے

Officers Administration Course, Army School of Administration, Murree

بھی اس نے کیا ہے۔

Pakistan Institute of Management, Cost Analysis on Budgetary Control, کراچی سے بھی کوالیفائڈ ہے۔

Capital Budgeting Course at Pakistan Institute of Management Karachi. بھی اس نے کیا ہے تو ان ساری چیزوں کو

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo]

دیکھ کر سلیکشن بورڈ نے اس کی کوالیفکیشن کو برابر مانا ہے ۔

جناب محمد طارق چودھری : یہ سچ ہے کہ "چراغ لے کر ڈھونڈا گیا" لیکن سوال یہ ہے کہ کیا مشتہرہ قابلیت کے مطابق کوئی درخواست موجود نہیں تھی ۔

میاں محمد یسین خان وٹو : جناب والا ! میں عرض کروں گا کہ اس کے مطابق بھی درخواست موجود تھی لیکن اس کو بھی اس کے برابر سمجھا گیا اور اس کو سلیکشن بورڈ نے سلیکٹ کر کے recommend کیا ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! اگلا سوال قاضی عبداللطیف ۔

SPECIAL ALLOWANCE TO RESEARCH OFFICERS

91. ***Qazi Abdul Latif :** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) whether it is a fact that a decision has been taken with the approval of the Ministry of Finance and Estt. Division to grant Research Allowance equivalent to 20 per cent of pay from the current financial year to grade 16 and above employees who are working as Research Officers : and

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the reasons for not allowing this allowance to the officers of the Research and Reference Cell and the Council of Islamic Ideology functioning under the Ministry of Religious Affairs ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : (a) Yes. It will be admissible at the said rate subject to a maximum of Rs. 800 p.m. to employees in BPS-16 and above, deployed exclusively on research and those employed for the organizations which are performing purely research work.

(b) In order to identify the research institutions/employees who are exclusively engaged in research work, a committee has been set up. Among others, the cases of Research and Reference Wing of Ministry of Religious Affairs and Council of Islamic Ideology have been received. The said committee will examine such cases and identify the organizations and the employees who are entitled to the grant of research allowance.

جناب چیئرمین :۔ شکریہ ! ضمنی سوال۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! یہ کمیٹی کب تشکیل دی گئی ہے اور اس کی کارروائی کہاں تک پہنچی ہے۔

میاں محمد یسیٰین خان وٹو : میں صحیح تاریخ عرض نہیں کر سکتا لیکن جناب والا ! یہ کچھ عرصہ پہلے تشکیل ہوئی ہے جب ان کو یہ الاؤنس دیا گیا ہے اس کے بعد یہ کمیٹی قائم کی گئی ہے وہ متعلقہ درخواستیں اور representations وصول کر رہی ہے ابھی انہوں نے اس سلسلے میں پوری کارروائی شروع نہیں کی وہ درخواستیں لے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : قاضی صاحب فرما رہے تھے کب تک ان درخواستوں کا فیصلہ ہو جائے گا۔

میاں محمد یسیٰین خان وٹو : یہ میرے لیے اس وقت بتانا مشکل ہوگا۔

جناب چیئرمین : اندازاً۔

میاں محمد یسیٰین خان وٹو : میں کوشش کروں گا کہ مناسب وقت کے اندر ہو جائے۔

قاضی عبداللطیف : کیا اندازاً یہ بتایا جا سکتا ہے کہ اس کمیٹی کو قائم ہوئے کتنی مدت ہوئی ہے۔

میاں محمد یسیٰین خان وٹو : میں عرض کرتا ہوں کہ گزشتہ چند مہینوں میں اسے قائم کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین : اگلا سوال ، جناب محمد محسن صدیقی صاحب۔

HBFC LOAN

92. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state :

(a) the total amount of loan granted by the House Building Finance Corporation during the year 1986-87; and, the profit gained thereon and at what rate ;

(b) whether the Government is considering to lower the existing rate of interest/profit to reduce the burden on poor man ;

(c) the measures being adopted by the Government to simplify the existing procedure for obtaining loan from HBFC ; and

(d) whether the government will consider to exempt those loanees from payment of interest/profit who construct the houses for their own residence/occupation and not for commercial purposes ?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : (a) House Building Finance Corporation disbursed a sum of Rs. 2020.93 million during the financial year 1986-87. The gross profit for the year 1986-87 is provisionally estimated at Rs. 350 million which is subject to audit. The profit during a year has relation to the commulative investments and not for the investments made during that year. The rate of gross profit provisionally calculated comes to about 6.7 per cent.

(b) There is no such proposal under consideration by the Government as it is already on the lower side.

(c) The salient features of the measures taken by the HBFC to simplify its procedure are annexed.

(d) The housing investment by HBFC is already being provided at concessional terms on rental income sharing basis which in percentage terms ranges from 5.1 to 12.3. No proposal for exemption is under consideration.

SALIENT MEASURES TAKEN TO SIMPLIFY THE PROCEDURE

(i) Sanction to be issued within 15 days of the receipt of the application, if it is complete in all respects with clear title documents.

(ii) Disbursement of approved investment is now made in two instalments only as against 3 in case of single storey house and 5 for double storey house previously.

(iii) The investment accounts of the Profit Sharing Scheme which is currently in operation are now maintained at District level instead of at Head Office.

(iv) Sanctioning powers have been enhanced at the District. Regional and Zonal Office level with a view to eliminate delay in the sanctioning of investment. Enhanced power is now as under :

Designation	Sanctioning Powers
	(Upto Rs.)
District Manager (Grade-III)	60,000
District Manager (Grade-II)	1,00,000
District Manager (Grade-I)	1,40,000
General Manager	1,50,000
Managing Director	2,00,000

(v) To expand and provide quicker service to the clients, three more zonal offices (in addition to the existing four), one each at Quetta, Peshawar and Multan, have been established in February, 1987.

(vi) Categories of investments have been reduced from 4 to 3 as under :—

(i) Upto Rs. 60,000 for low income group for area of plot size of 120 sq. yards.

(ii) Above Rs. 60,000 and upto Rs. 100,000 for plot size of 400 sq. yards.

(iii) Above Rs. 100,000 and upto Rs. 200,000 for plot size above 400 sq. yards.

(iv) To facilitate recovery and avoid inconvenience to the partners, monthly instalments recovered through banks account opened in any nearest Muslim Commercial Bank branch as convenient to the partners.

(v) Areas/localities have been reduced from 200 to 16 categories for the purpose of profit sharing according to the location of plot, size of plot and amount of HBFC investment.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : I am thankful to the Minister for giving a detailed reply but I would like to ask him whether this period of 15 days and this procedural simplification is actually being observed and has he not come with the cases where applications are pending for more than six months.

میاں محمد یسٰین خان وٹو : جناب والا ! فاضل ممبر اگر سوال دوہرا دیں تو...

جناب چیئرمین : سوال جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں وہ یہ ہے آپ نے فرمایا کہ درخواستیں موصول ہونے کے ۱۵ دن کے اندر اندر ہی dispose of ہو جاتی ہیں وہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ کوئی ایسی درخواست نہیں ہے جو اس محکمے کے پاس پندرہ دنوں سے زیادہ عرصے تک پینڈنگ ہے۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو : جناب والا ! یہ بات میرے نوٹس میں نہیں ہے اگر فاضل ممبر کے نوٹس میں ہو تو وہ میرے نوٹس میں لائیں اُن کے خلاف ایکشن لیا جائے گا۔

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Mr. Chairman, I know cases which are pending for more than three months upto six months. Would he institute an inquiry whether the simplification procedure is being followed as was envisaged?

Mr. Chairman : Perhaps you have not heard him, the Minister made this very offer that if there are cases within your knowledge where the delay for more than 15 days has taken place, please bring them to the notice of the Minister, he would look into them.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Very good. Thank you.

INTEREST-FREE LOANS.

93. ***Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui** : Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state the names of the countries and Institutions which have given us interest-free loans since 1985 alongwith the amount, the period of repayment and other terms and conditions, if any of these loans ?

Mian Muhammad Yasin Khan Watteo: A statement giving the required details is placed on the **Table of the House.**

COUNTRY/INSTITUTION-WISE DETAILS OF INTEREST FREE LOANS CONTRACTED BY PAKISTAN SINCE 1985

(1984-85 to 1987-88 (July-Sept. 1987)

Name of country/ Institution	Year	Amount of loan ($ million)	Amortization period			Other terms of the loan	
			Grace period (years)	Repayment period (years)	Total Amortization period including grace period (years)		
1	2	3	4	5	6	7	8
A.—BILATERAL SOURCES							
1. Canada	1984-85	35.5	10	40	50		
	1985-86	23.5	10	40	50		
Sub-total (Canada)		59.0					
2. Saudi Arabia	1986-87	49.4	8	20	28	Loan charges of 3% per annum.	
3. China	1986-87	26.9	10	10	20		
Sub-total (A).		135.3					
B.—INTERNATIONAL INSTITUTIONS							
4. IDA	1984-85	243.3	10	40	50	(a) Service charges @0.75% per annum and (b) Commitment charges @0.5% per annum.	
	1985-86	184.6	10	40	50	Do.	
	1986-87	52.9	10	40	50	Do.	
	1987-88 (July-Sept. 87)	145.0	10	40	50	Do.	
Sub-total (IDA)		625.8					
5. ADB (Special Fund)	1984-85	235.4	10	30	40	Service charges @1% per annum.	
	1985-86	286.9	10	30	40	Do.	
	1986-87	277.2	10	30	40	Do.	
Sub-total (ADB):		799.5					

[Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo]

1	2	3	4	5	6	7
6. IFAD ..	1984-85	8.6	10	40	50	Service charges @ 1% per annum.
7. OPEC Fund for International Development.						
	1984-85	10.0	[illegible]	12	18	Service charges @ 1% per annum and and commitment charges @ 0.5% per annum.
	1985-86	5.0	5	12	17	
Sub-total (OPEC Fund).		15.0				
8. IDB I—Long Term	1984-85	6.0	3	6	9	Lease Financing.
		10.8	—	—	—	Equity/Lease financing-agreement.
		17.3	2	8	10	Lease purchase financing.
Sub-total (1984-85)		34.1				
	1986-87	15.5	10	15	25	Service fee of 3% per annum.
	1987-88	6.5	3	12	15	Do.
(July-Sept. 1978).		6.0	2	8	10	Return on IDB investiment @ 7% per annum.
Sub-total (July-Sept)87		12.5				
Sub-Total (I)		62.1				
II. Foreign Trade Financing Agreements :						Trade Credits from IDB though interest free but carry.
	1984-85	14.4	—	1.5	1.5	Mark-up 8% per annum.
		14.5	—	1.5	1.5	Mark-up 12% per annum.
		35.0	—	9 months	9 months	Mark-up 6% per annum.
Sub-total (1984-85)		93.9				
	1985-86	30.0	—	1.5	1.5	Mark-up 8% per annum.
		20.0	—	1.0	1.0	Do.
		14.6	—	1.0	1.0	Do.
Sub-total (1985-86)		64.6				

1986-87	20.0	—	1.5	1.5	Mark-up 7% per annum.
	15.0	—	1.0	1.0	Do.
	15.0	—	1.0	1.0	Do.
	10.0	—	1.5	1.5	Mark-up 10.5 per annum.
	10.0	—	1.5	1.5	Do.
	15.0	—	1.0	1.0	Mark-up 7% per annum.
	20.0	—	1.5	1.5	Do.
Sub-total (1986-87)	105.0				
1987-88 (July-Sept. 1987)	15.0	—	1.5	1.5	Mark-up 7% per annum.
	15.0	—	1.0	1.0	Do.
	15.0	—	1.5	1.5	Mark-up 10.5% per annum.
Sub-total (July-Sept ; 1987)	45.0				
Sub-total (II)	308.5				
Sub-total (IDB) (I+II)	370.6				
Sub-total (B)	1899.5				
Grand Total (A+B)	1954.8				

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Would the honourale Minister inform us as to this loan; interest-free loan or just service charges loan or just lease agreements under which the money is coming from various institutions as he has in detail narrated, these loans when they are given to the users and what rate of interest is being charged.

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Sir, this is a free interest loan.

Mr. Chairman : The loans are received, and given to the country, free of interest. His question is that when they are passed on to the ultimate users, what rate of interest or profit, or whatever you call it, do you charge as a Government?

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : Sir, about this, I would require a fresh notice.

Mr. Chairman : You want a fresh notice.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Sir, I would submit that the question directly arises from this.

Mr. Chairman : It does arise but if he hasn't got the information I can't force him.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Mr. Chairman, I would humbly submit that this may be postponed and he may come with the required information.

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : May be postponed, Sir.

Mr. Chairman : We can defer it, if you wish.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Yes, Sir.

Mr. Chairman : Right. We defer it to the next meeting.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Thank you.

Mr. Chairman : But again, he would not know what are the type of supplementaries that you are asking. If you are interested in knowing the rate of interest these loans are passed on to the ultimate consumers, please ask that question right now and then he will take that into account and come prepared on the next time.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Of course, this is the specific question that I am putting and then I would also request the Minister to inform the House as to this 3% they say, loan charges, what does it mean by 'loan charges'. Because it is from Saudi Arabia and as we know they are not charging interest.

Mr. Chairman : This is called departmental charges in administering the loan.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Service charges.

Mr. Chairman : You may call it service charges.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : In other phrases it is service charges.

Mr. Chairman : Yes, it is service charges. Right.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Right, Sir.

